اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

نیکی کی دعوت دینے سے قبل کی نیتیں

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہے:

"مسلمان کی نیت اُس کے عمل سے بہتر ہے۔"

(طبرانی معجم الکبیر حدیث 5942 ج6 ص185 دارالاحیاء التراث العربی بیروت)

مدنی پھول: جتنی اچھی نیتیں زیادہ اتنا ثواب بھی زیادہ۔

1. اللہ پاک کی رضا حاصل کرنے کے لئے
2. حکم الٰہی پر عمل کرتے ہوئے
3. سرکار صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سنت
4. انبیاء علیہم السلام کی سنت
5. سنتِ صحابہ رضی اللہ عنہما اجمعین
6. اور سنتِ اولیاء کرام رحمہم اللہ ادا کرنے کی نیت سے نیکی کی دعوت دوں گی
7. دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کو بڑھانے کی نیت سے نیکی کی دعوت دوں گی۔
8. راہِ خدا میں نکلنے کی سعادت حاصل کرنے کے لئے نیکی کی دعوت دوں گی۔
9. سنجیدگی اور خندہ پیشانی کے ساتھ نیکی کی دعوت دوں گی۔
10. اپنے کلام کی ابتداء سلام سے کروں گی۔
11. پورا سلام کروں گی۔
12. گرم جوشی کے ساتھ مصافحہ کروں گی۔
13. مصافحہ کرتے وقت کی دُعا پڑھوں گی۔
14. بے تکلفی سے بچتے ہوئے آپ جناب سے گفتگو کروں گی۔
15. ذاتی گفتگو کرنے سے بچوں گی۔
16. آنکھوں کا قفلِ مدینہ لگاؤں گی۔
17. اگر کسی نے ڈانٹ دیا یا جھڑک دیا تو اُس اسلامی بہن کا تذکرہ کسی اور سے نہ کر کے صبر کرتے ہوئے ان کی پردہ پوشی کروں گی۔
18. اگر تین بار دروازے پر دستک دینے سے کوئی جواب نہ آیا تو سنّت پر عمل کرتے ہوئے واپس پلٹ آؤں گی۔
19. جواب نہ ملنے پر کسی مسلمان کے لیے اپنے دل میں بدگمانی کو جگہ نہیں دوں گی بلکہ حتی الامکان ستّر (70) عذر تلاش کروں گی۔
20. اجتماع کی برکتیں بیان کر کے اسلامی بہنوں کو سنتوں بھرے اجتماع میں آنے کا ذہن دوں گی۔
21. کسی نامحرم سے واسطہ پڑ جانے کی صورت میں ضرورتاً بات کرنی پڑے تو نرم لہجے میں بات کرنے سے بچوں گی۔
22. **"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے"** ان شاء اللہ اس نیت سے نیکی کی دعوت دوں گی۔

نوٹ: نیتیں کرواتے وقت نمبر شمار نہ دہرائے جائیں۔